Headquarter Frontier Corps
Balochistan (South)
Turbat
Telephone No. 0852- 412904
No.512-14 / Q br / 18/Media
Jun 2024

To: Director Publication Procurement Regularity Authority
(Cabinet Division)

Federal Bank of Co-operative Building
1st Floor, Sector G-5/2 Near SBP
**Islamabad**
Phone No.051-9203s314, 9245635
Fax No. 051-9219149, 9224823

Info: HQFC (S) Q Br

Copy to: DSCAF
Ministry of Interior (Interior Division)
Government of Pakistan
**Islamabad**

ID: HQ FC (S) – Media Cell

Subject: **Tander Notice for Purchase of Computer Hardware, Stationery & Furniture Items Fy-2024-25**

1. Copy of Tender Notice for Purchase of Computer Hardware, Stationery & Furniture Items Fy-2024-25 is sent herewith for publish in PPRA website on **11 Jun 2024**.
2. Your Co-operation in this regard will be highly appreciated, please.

Public Relation Officer
For Inspector General Frontier Corps Balochistan (South)
**(Kashif Waheed)**

# ہیڈکوارٹرز فرنٹیئر کور (ساؤتھ) بلوچستان

## ٹینڈر نوٹس برائے آفس فرنیچر، کمپیوٹر ہارڈویئر اور آفس سٹیشنری

1۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) درج ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 25-2024 (جولائی 2024 تا جون 2025) کے لئے مندرجہ ذیل شرائط کی بنیاد پر ٹینڈر مطلوب ہے۔

| نمبر شمار | ٹینڈر برائے | پری کوالیفیکیشن رٹینڈر فارم کی اجرء کی تاریخ وقت اور مقام | ٹیکنیکل بڈنگ کھولے جانے کی تاریخ، وقت اور مقام | فنانشل بڈنگ کھولے جانے کی تاریخ، وقت اور مقام |
|---|---|---|---|---|
| | **ہارڈویئر (ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان ساؤتھ)** | | | |
| 1۔ | لیپ ٹاپ۔ کمپیوٹر۔ فوٹوسٹیٹ مشین۔ کلر پرنٹر۔ بلیک اور وائٹ پرنٹر۔ فیکس مشین۔ پیپر شریڈر مشین۔ ٹیپ۔ لیمینیشن مشین۔ ہارڈ ڈسک بیکسٹر۔ یو پی ایس۔ سٹیب لائیزر۔ کی بورڈ اور ماؤس۔ یو ایس بی۔ وغیرہ | 26 جون 2024 (بوقت 10 بجے دن) (تربت) | 26 جون 2024 (بوقت 12 بجے دن) (تربت) | 26 جون 2024 (بوقت 3 بجے دن) (تربت) |
| | **سٹیشنری (ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان ساؤتھ)** | | | |
| 2۔ | ٹونر۔ کارٹونرز۔ پیپر (F4) اور پیپر (A4)۔ رجسٹر۔ شارپنر مشین۔ فلیگ ٹیپ۔ یونی بال پوائنٹ سیکو۔ بال پوائنٹ۔ شینڈر بال پوائنٹ۔ ٹیبل سیٹ۔ فیکس رول۔ میل فولڈر۔ بلینک سی ڈی۔ پینٹل سیٹ۔ لفافے۔ ربڑ۔ پنسل شارپنر۔ ٹیپ۔ ٹیبل سیٹ۔ سوفٹ ویئر سی ڈی وغیرہ | 26 جون 2024 (بوقت 10 بجے دن) (تربت) | 26 جون 2024 (بوقت 12 بجے دن) (تربت) | 26 جون 2024 (بوقت 3 بجے دن) (تربت) |
| | **فرنیچر (ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان ساؤتھ)** | | | |
| 3۔ | آفس ٹیبل۔ کرسی بمعہ کشن۔ ریوالونگ کرسی۔ صوفہ۔ ڈائیننگ ٹیبل۔ سنگل بیڈ۔ ڈریسنگ ٹیبل۔ کارپٹ، کمپیوٹر ٹیبل اور میل ریک وغیرہ | 26 جون 2024 (بوقت 10 بجے دن) (تربت) | 26 جون 2024 (بوقت 12 بجے دن) (تربت) | 26 جون 2024 (بوقت 3 بجے دن) (تربت) |

**شرائط:۔**

1۔ ہیڈکوارٹر ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان کیلیے ہر آئٹم کا ریٹ بشمول (ڈلیوری چارجز، مقامی ٹیکس، سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس اور دیگر متفرق اخراجات وغیرہ) تربت پہنچ کی بنیاد پر ایک ہی ہوگا۔

2۔ مقررہ تاریخ کو ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان کی طرف سے تشکیل دیے گئے بورڈ کے روبرو پیپرا رولز پیرا 15 کی روشنی میں تمام بڈرز کو پری کوالیفیکشن پراسس سے گزرنا ہوگا اور پری کوالیفیکشن پراسس بمقام **ہیڈکوارٹرز فرنٹیئر کور (ساؤتھ) بلوچستان** تربت میں ہوگا۔

3۔ پری کوالیفیکشن پراسس میں وہ تمام ٹھیکیداران کمپنیز یا فرمز حصہ لے سکتے ہیں جو ایف بی آر پاکستان کی ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ میں رجسٹرڈ ہوں۔

4۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران، فرم / کمپنیز پری کوالیفیکشن پراسس میں حصہ لیتے وقت درج ذیل کاغذات ہمراہ لائیں گے:۔

(الف) تمام خواہشمند ٹھیکیداران، فرم کمپنیز کو پری کوالیفیکشن کے وقت آئی جی ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان کے نام پر درخوست جمع کروانی ہوگی۔

(ب) متعلقہ تجربہ اور ماضی کی کارگزاری۔

(پ) عملے، ایکوپمینٹ کے سلسلے میں صلاحیتیں۔

(ت) مالی حیثیت سرٹیفکیٹ۔

(ٹ) موزوں انتظامی صلاحیت۔

(ث) پچھلے تین سال کی ٹیکس گوشوارا ایف بی آر سے تصدیق شدہ۔

(ج) پچھلے ایک سال کی بینک ٹرانزیکشن سٹیٹمنٹ متعلقہ بینک سے تصدیق شدہ۔

(د) حلفیہ بیان (سٹامپ پیپر) آپ کے فرمز یا کمپنی کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ نہیں ہے۔

(ر) حلفیہ بیان (سٹامپ پیپر) کہ ٹھیکہ کے دوران اگر موصول شدہ کاغذات میں کوئی غلط بیانی ہوئی تو اس کا ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور وہ اس کے خلاف کوئی قانونی چارہ جوئی بھی نہیں کر سکے گا۔

پری کوالیفیکیشن پراسیس میں حصہ نہیں لے سکتے۔

5۔ وہ تمام ٹھیکیداران، فرم / کمپنیز جو کسی بھی سرکاری ڈیپارٹمنٹ سے بلیک لسٹ یا ڈیفالٹر ہوں یا پھر ناقص کارکردگی کی وجہ سے نااہل کیے گئے ہوں پری کوالیفیکیشن پراسیس میں حصہ نہیں لے سکتے۔

6۔ پری کوالیفیکیشن پراسیس میں کوالیفائی کرنے والے ٹھیکیداران، فرم / کمپنیز **ٹینڈر فارم لینے کے اہل ہوں گے** جو کہ اُسی وقت بورڈ کے پریذیڈنٹ کی موجودگی میں بعوض مبلغ -/5,000 روپے (پانچ ہزار روپے صرف ناقابل واپسی) ادا کر کے حاصل کیے جا سکیں گے۔

7۔ ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان کو سپلائی ہونے والی تمام اشیاء کی ٹینڈرنگ مقدار اور کنٹریکٹ کی کل مالیت، ٹینڈر فارمز میں تفصیل سے درج ہوگی جس کو مدنظر رکھتے ہوئے پیپرا رولز پیرا 25 کی روشنی میں کنٹریکٹ کی اوسط کل مالیت کا 5% بطور بڈ سیکورٹی آئی جی ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان کے نام پر سی ڈی آر، پے آرڈر یا بینک ڈرافٹ کی شکل میں پری کوالیفیکیشن پراسیس میں حصہ لیتے وقت جمع کرانی ہوگی:۔

| سیریل نمبر | ٹینڈر برائے | 5% بڈ سیکورٹی | ریمارکس |
|---|---|---|---|
| الف | کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز | 205,610 | دو لاکھ پانچ ہزار چھ سو دس روپے |
| ب | سٹیشنری آئٹمز | 753,444 | سات لاکھ ترپن ہزار چار سو چوالیس روپے |
| پ | فرنیچر آئٹمز | 605,136 | چھ لاکھ پانچ ہزار ایک سو چھتیس روپے |

8۔ پری کوالیفیکیشن پراسیس میں حصہ لینے والے تمام خواہشمند ٹھیکیداران یا فرم / کمپنیز جو پری کوالیفیکیشن پراسیس کے وقت 5% بڈ سیکورٹی جمع نہ کرا سکے، ٹیکنیکل طور پر نااہل تصور ہوں گے اور پری کوالیفیکیشن پراسیس میں بھی حصہ نہیں لے سکیں گے۔

9۔ پری کوالیفیکیشن پراسیس کے دوران تمام کاغذات کی جانچ پڑتال پیپرا رولز کے مطابق ہوگی۔ کاغذات پیش نہ کرنے کی صورت میں یا پھر نامکمل ہونے کی صورت میں متعلقہ فرمز یا کمپنی کو نااہل تصور کیا جائے گا۔

10۔ کنٹریکٹ حاصل کرنے والے تمام کامیاب کنٹریکٹر / کمپنیز یا فرمز کی طرف سے مہیا کیے گئے تمام کاغذات بشمول CDR، ڈرافٹ، پے آرڈر یا بینک سٹیٹمنٹ ٹینڈرز کے بعد متعلقہ ڈیپارٹمنٹ سے تصدیق کروائے جائیں گے۔ اگر تصدیق کے دوران کوئی بھی کاغذات معترض پائے گئے تو کنٹریکٹ منسوخ کر دیا جائے گا۔

11۔ کنٹریکٹ حاصل کرنے والے تمام کامیاب کنٹریکٹر / کمپنیز اور فرمز کی سیکورٹی کلیرنس کی جائے گی۔ کلیئر نہ ہونے کی صورت میں وہ نااہل تصور ہوں گے۔

12۔ فرنٹیئر کور (ساؤتھ) بلوچستان کی طرف سے تشکیل دی گئی کمیٹی کو پورا اختیار ہوگا کہ وہ کسی ایک یا تمام ٹینڈرز کو PPRA رولز کی روشنی میں منظور یا مسترد کر سکتی ہے۔

13۔ کنٹریکٹ حاصل کرنے والے تمام کامیاب کنٹریکٹر، کمپنیز یا فرمز بروقت آفس سٹیشنری، فرنیچر اور کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز سپلائی کرنے میں ناکام رہے یا غیر معیاری آفس سٹیشنری، فرنیچر، کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز سپلائی کیا تو سیکورٹی زر بیعانہ بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور کنٹریکٹ منسوخ کر کے رسک پرچیز کی جائیگی۔ اور قیمت کا فرق ڈیفالٹر ٹھیکیدار کی ضبط کی گئی رقم سے پورا کیا جائے گا۔

14۔ آفس سٹیشنری، فرنیچر اور کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز سپلائی کے دوران کسی بھی وجوہات کی بنا پر اگر کنٹریکٹر کا کسی بھی قسم کا نقصان ہوا تو ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان ذمہ دار نہ ہوگی۔

15۔ تمام خواہشمند ٹھیکیداران، کمپنی اور فرم اس بات کی پابند ہوگی کہ منظور شدہ کنٹریکٹ لسٹ کے مطابق تمام اشیاء مہیا کریں گے۔

16۔ اشیاء کی لسٹ کیلئے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 0852-412904 پر رابطہ کریں۔

17۔ کمپنی / فرم جو اس ٹینڈرز میں حصہ لینا چاہتے ہیں۔ تو وہ آئی جی ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان کے نام پر درخواست دے گی کہ وہ کس ٹینڈر میں حصہ لینا چاہتے ہیں۔

18۔ آفس سٹیشنری، فرنیچر اور کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز ٹینڈر کے لئے دو لفافوں کا استعمال کیا جائے جو کہ ذیل ہیں۔

**لفافہ نمبر 1۔ ٹیکنیکل پروپوزل:**

ا۔ اس لفافہ میں آفس سٹیشنری، فرنیچر اور کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز کے نام، قسم، ان کی تفصیل اور سیمپل تصویر منسلک ہوگی۔

۲۔ آفس سٹیشنری، فرنیچر اور کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز کے سیمپل مقررہ شیڈول کے مطابق ایف سی (ساؤتھ) بلوچستان کی تشکیل دی گئی کمیٹی کے پاس جمع کرانے ہوں گے۔

**لفافہ نمبر 2۔ فنانشل پروپوزل:** اس لفافہ میں آفس سٹیشنری، فرنیچر اور کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز کے ٹینڈر فارم بمع ریٹ ہوں گے۔

19۔ ٹینڈرز کی تمام کاروائی پیپرا رولز کی روشنی میں کی جائے گی۔ یہ اشتہار / آفس سٹیشنری / فرنیچر اور کمپیوٹر ہارڈ ویئر آئٹمز کی لسٹیں بمعہ تفصیل PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر موجود ہے۔

20۔ مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 0852-412904 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

لیفٹیننٹ کرنل
اے کیو ایم جی فرنٹیئر کور (ساؤتھ) بلوچستان